## ماڈیول نمبر 4 　　　　　سبق نمبر 30 : ماس میڈیا کی اہمیت

| سبق نمبر | سبق کا نام | زبان کی مہارتیں | | | زندگی کی مہارتیں سرگرمیاں / عملی کام |
|---|---|---|---|---|---|
| | | معلومات | تفہیم | اطلاق | |
| 30 | ماس میڈیا کی اہمیت | • ماس میڈیا کی تعریف اور قسمیں | • ماس میڈیا کی ہماری زندگی میں اہمیت | • اپنے خیالات کی ترسیل کرنا | • ریڈیو، ٹی وی اور اخبار کو دلچسپی سے دیکھنا اور ان کے لیے کچھ کام کرنا |

## ماس میڈیا کے بارے میں

- ماس میڈیا دو لفظوں ''ماس'' اور ''میڈیا'' سے مل کر بنا ہے۔ ماس کے معنیٰ عوام، لوگ ہیں اور میڈیا کے معنیٰ ہیں ذرائع۔ یعنی جس وسیلے سے عوام سے رابطہ قائم کیا جائے وہ ''ماس میڈیا'' کہلاتا ہے۔
- ماس میڈیا اس ذریعے کو کہتے ہیں جس سے ایک ہی وقت میں لگاتار بہت سے لوگوں تک اپنی بات، خیالات، پیغامات، احساسات، جذبات یا معلومات بھیجی جاتی ہے۔
- ترسیل کے تین بنیادی اجزا ہوتے ہیں:

(1) بھیجنے والا

(2) پیغام، بات، معلومات، خبر

(3) پانے والا

- ترسیل صرف لفظوں اور تصویروں تک محدود نہیں ہوتی، اس کے بہت سے طریقے ہو سکتے ہیں۔
- ماس میڈیا میں ترسیل کی بنیادی اہمیت ہے، یعنی بات دوسروں کی سمجھ میں آئے۔

## ماس میڈیا کی اہمیت

- انسانی زندگی میں ماس میڈیا کی ہمیشہ اہمیت رہی ہے۔ موجودہ دور میں عوام اور میڈیا کا تعلق لازم و ملزوم ہو گیا ہے۔ عوام پر میڈیا کا بہت اثر ہے۔ ہم عام زندگی کی ہر چیز میڈیا کے حوالے سے ہی استعمال کرتے ہیں۔ چیزوں کے علاوہ دنیا بھر کی معلومات، خبریں اور وہ سب کچھ جو ہم سنتے، بولتے اور استعمال کرتے ہیں، ماس میڈیا کے ذریعے ہی ہم تک پہنچتی ہیں۔

## ماس میڈیا کی قسمیں

ماس میڈیا کی بہت سی شکلیں ہیں۔ ان میں چند اہم صورتیں یہ ہیں:

- **پرنٹ میڈیا:** اخبارات، کتابیں، رسالے، پوسٹر، ہورڈنگس اور پمفلٹس وغیرہ، جو چھپے ہوئے ہوتے ہیں۔
- **اسٹیج :** ڈرامے، سوانگ، اوپیرا، ڈانس، مشاعرے، جلسے اور اسٹیج پر ہونے والی سرگرمیاں۔
- **الیکٹرونک میڈیا:** فلم، ٹی وی، ریڈیو، ٹیلی فون، انٹرنیٹ اور ای میل وغیرہ ماس میڈیا کے جدید ترین ذرائع ہیں۔

- فلم 1890ء کے قریب ایجاد ہوئی۔ جو اسٹیج ڈرامے کی ایک ترقی یافتہ شکل تھی۔ پہلے خاموش فلمیں آئیں اور پھر بولتی فلموں کا دور شروع ہوا۔
- **ریڈیو** : ہندوستان میں ریڈیو 1927ء میں شروع ہوا۔ ریڈیو ہر اعتبار سے ٹی وی، فلم اور اخبار جیسے ذرائع سے زیادہ اہم ہے کیونکہ ریڈیو کی رسائی آج بھی دور دراز کے علاقوں تک ہے جہاں آج بھی دوسرے ذرائع کا پہنچنا بہت مشکل ہے۔
- **ٹی وی** : ہندوستان میں ٹی وی کی عمر چار دہائیوں سے زیادہ ہے۔ 15 ستمبر 1959 کو یونیسکو کی مدد سے تجرباتی طور پر دہلی میں ٹی وی کا آغاز ہوا۔ اس وقت ایک ہفتے میں ایک مرتبہ ایک گھنٹے میں تعلیمی، معلوماتی اور تفریحی پروگرام پیش کیے جاتے تھے۔ 1965 میں نشریات کا وقت روزانہ ایک گھنٹہ کر دیا گیا۔ 1972 میں ممبئی میں ٹی وی کا دوسرا مرکز قائم ہوا۔ 1982 میں سیٹلائٹ انسیٹ۔1 کے ذریعے پورے ملک میں بیک وقت ایک ہی پروگرام دیکھنے کی آسانی ہوگئی۔ سیٹلائٹ کے ذریعے نشریات کی شروعات کے بعد نجی زمرے کے بہت سے چینل شروع ہوئے۔ ٹی وی نے نہ صرف موجوہ دور کے انسانوں کی عادتوں اور روزمرہ کو بدل کر رکھ دیا ہے، بلکہ انسانی ذہن، سوچ اور آپسی تعلقات کو بھی متاثر کیا ہے۔

## اپنی جانچ آپ کیجیے:

### 1۔ مختصر ترین جواب والا سوال:

- ماس میڈیا کا کون سا ذریعہ سب سے مقبول ہے؟

### 2۔ مختصر جواب والا سوال:

- دور دراز کے علاقوں کے لیے ڈیو کی اہمیت کیوں ہے؟

### 3۔ طویل جواب والا سوال:

- ''ماس میڈیا'' میں ٹیوی کی اہمیت پر ایک نوٹ لکھیے۔